14-May-12

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی حج وعمرہ قرعہ اندازی۔4 خوش نصیب بیت اللہ کی زیارت کریں گے۔

کراچی (پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے حج 2012 کیلئے اسٹاف ممبران کے درمیان حج وعمرہ قرعہ اندازی کی گئی جس میں دو کارکنان احتشام الدین اور شیخ اعجاز احمد حج کیلئے جبکہ شیخ اقبال احمد عمرہ کیلئے کامیاب قرار پائے۔تینوں افراد عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل میں گزشتہ 12 برس سے زائد عرصہ سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ گزشتہ کئی برسوں سے حج کیلئے اپنے کارکنان کو بذریعہ قرعہ اندازی منتخب کرتا ہے اور ان خوش نصیبوں کی تعداد میں ہرسال اضافہ کیا جارہا ہے۔اس مرتبہ ایک اور خوش آئند اضافہ یہ کیا گیا کہ حج کے ساتھ ساتھ عمرہ قرعہ اندازی بھی متعارف کرائی گئی۔جس کے تحت ایک خوش نصیب جوڑا عمرہ کی سعادت بھی حاصل کرتا ہے۔اس مرتبہ عمرہ قرعہ اندازی کے منتخب خوش نصیب افراد شیخ اقبال احمد اور انکی اہلیہ قرار پائے۔

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی انتظامیہ ملازمین کی فلاح وبہبود اور انکی دیگر ضروریات کا بھرپور خیال رکھتی ہے اور اس سلسلے میں اکثر وبیشتر مختلف اسکیمیں اور ویلفیئر پروگرام متعارف کراتی ہے جس میں آسان قرضہ،موٹر سائیکل لون اسکیم،تعلیمی وظائف اور اسکالرشپ وغیرہ شامل ہیں۔

#